ILLINOIS COALITION FOR IMMIGRANT & REFUGEE RIGHTS

اپنے حقوق جانیں

جب آپ کا سامنا امیگریشن افسران (ICE) سے ہو رہا ہو

- **اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ ICE کی سرگرمی دیکھ رہے ہیں،** تو براہ کرم اسے رپورٹ کرنے کے لیے ICIRR فیملی سپورٹ کی 24 گھنٹے ہاٹ لائن (1-855-435-7693) 1-855-HELP-MY-FAMILY پر کال کریں.
- **اگر آپ کا سامنا کسی بھی مقام بشمول آپ کے کام کی جگہ یا کمیونٹی میں کہیں پر بھی ICE افسر سے ہو، تو یاد رکھیں کہ:**
  - جب امیگریشن افسران آپ سے سوال کریں یا آپ کو گرفتار کریں تو <u>آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے</u>
  - آپ کو پر سکون رہنا چاہیے اور اپنے ہاتھ اس جگہ رکھنے ہوں گے جہاں افسر انہیں دیکھ سکے
  - آپ کو یہ <u>بیان کرنا ہو گا کہ آپ ایک اٹارنی سے بات کرنا چاہتے ہیں</u>
  - **درج ذیل نہ کریں:** -
    - پولیس، امیگریشن ایجنٹس یا دیگر افسران سے اپنی امیگریشن یا شہریت کی حیثیت پر بات کرنا
    - کسی ایسی چیز پر دستخط کرنا جس کی آپ کو سمجھ نہ ہو۔
- **اگر کوئی افسر آپ کے گھر کے دروازے پر دستک دے، تو:**
  <u>آپ کے پاس دروازہ نہ کھولنے کا حق موجود ہے۔</u>
  - آپ کے گھر میں داخل ہونے کے لیے ICE افسر کے پاس **جج کا دستخط شدہ وارنٹ** موجود ہونا ضروری ہے۔
  - ICE کے 'وارنٹس' جج کی طرف سے دستخط شدہ نہیں ہوتے؛ یہ ICE کے اپنے فارم ہوتے ہیں جو ICE افسران کی طرف سے دستخط شدہ ہوتے ہیں اور یہ انہیں آپ کے گھر میں آپ کی رضا مندی کے بغیر داخل ہونے کا اختیار نہیں دیتے
- **اگر آپ کہیں باہر ہوں اور سمجھتے ہوں کہ آپ نے اپنے قریب امیگریشن افسران دیکھے ہیں، تو:**
  - کسی محفوظ اندورنی جگہ میں منتقل ہو جائیں
  - اگر آپ امریکہ کے شہری ہیں اور ایسا کرنا محفوظ سمجھتے ہوں، تو سرگرمی کو اپنے فون سے ریکارڈ کر لیں یا جو کچھ آپ نے دیکھا ہے اس سے متعلقہ معلومات لکھ لیں— ہمیشہ محتاط رہیں کہ آپ مداخلت نہ کریں یا آپریشن میں رکاوٹ نہ ڈالیں
  - **درج ذیل نہ کریں:**
    - غیر تصدیق شدہ چیزوں کو سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنا
    - تفتیش میں مداخلت کرنا خود کو نقصان کے راستے میں ڈالنے کے مترادف ہے

معاونت کی ضرورت ہے؟ ICIRR فیملی سپورٹ نیٹ ورک کی ہاٹ لائن پر کال کریں: 1-855-435-7693

ILLINOIS COALITION
FOR IMMIGRANT
& REFUGEE RIGHTS

اپنے حقوق جانیں

جب آپ کا سامنا امیگریشن افسران (ICE) سے ہو رہا ہو

اگر ICE آپ کو گرفتار کر لیتا ہے تو ایک ایسا حفاظتی منصوبہ بنائیں جو آپ کی فیملی استعمال کر سکے۔ حفاظتی منصوبہ میں مندرجہ کلیدی حصے شامل ہوتے ہیں:

- اپنے ہنگامی رابطوں کی نشاندہی کریں اور ان کے فون نمبر یاد کر لیں۔
- آپ کے بچے کو پک کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول یا ڈے کیئر والوں کو ہنگامی رابطہ فراہم کریں۔
- اپنے ہنگامی رابطے کو اپنے بچے کے میڈیکل اور قانونی فیصلے لینے کے لیے تحریری شکل میں اختیار دیں۔
- اپنے پیاروں کو بتائیں کہ اگر آپ ICE کے پاس حراست میں ہوں، تو وہ آپ کو ICE کے آن لائن ڈیٹینی لوکیٹر سے تلاش کر سکتے ہیں: locator.ice.gov
- امیگریشن کے اپنے تمام درست دستاویزات ساتھ رکھیں۔ اگر آپ کے پاس ایسے دستاویزات نہ ہوں، تو ایسے دستاویزات کی کاپی ساتھ رکھیں جو یہ ظاہر کرتے ہوں کہ آپ امریکہ میں کم از کم دو سال سے رہ رہے ہیں (اگر ایسا ہو، تو تب)۔ اس کی مثالوں میں رہائش، روزگار یا تعلیم کے ریکارڈز شامل ہیں
- اگر آپ کو حراست میں لے لیا گیا ہو، تو یہ اہم ہے کہ آپ قانونی نمائندگی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ امیگریشن اٹارنی سے رابطے کے لیے 1-855-435-7693 پر کال کریں۔

اضافی وسائل

نیشنل امیگرنٹ جسٹس سینٹر کی ملک بدری میں قانونی معاونت
immigrantjustice.org
آرگنائزڈ کمیونٹیز اگینسٹ ڈیپوٹیشن کے وسائل کا رہنما کتابچہ
organizedcommunities.org

فائٹ بیک

ہماری مہمات میں شامل ہونے کے لیے سائن اپ کریں اور اِن تمام پالیسیوں سے جدوجہد جاری رکھیں جو تمام کمیونٹیوں کے مفید ہو سکتی ہیں۔ icirr.org پر سائن اپ کریں۔

معاونت کی ضرورت ہے؟ ICIRR فیملی سپورٹ نیٹ ورک کی ہاٹ لائن پر کال کریں: 1-855-435-7693